© rasailojaraid.com



# مسافران آخرت

گزشتہ مہینوں میں درج ذیل حضرات عالم آخرت کو سدھار گئے مجلس احرار اسلام کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ اور اراکین ادارہ نقیب ختم نبوت تمام مرحومین کیلئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔ احباب و قارئین سے بھی درخواست ہے کہ مرحومین کیلئے دعاء مغفرت اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں۔

☆ **حاجی نذر محمد صاحب مرحوم** (محبت پور، تحصیل میلسی ضلع وہاڑی) مجلس احرارِ اسلام کے قدیم کارکن اور حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ کے مرید۔

☆ **عبدالقیوم خان مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام کلاچی (ڈیرہ اسمٰعیل خان) کے صدر محترم عبدالعزیز خان کے چچازاد

☆ **جناب غلام سرور راجپوت مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام ملتان کے رکن ابو معاویہ محمد بشیر چغتائی کے خالو اور حکیم نور محمد صاحب کے بھائی۔

☆ **حاجی محمد رمضان مرحوم:** مجلس احرار اسلام ڈیرہ غازی خان کے قدیم کارکن

☆ **حافظ رشید احمد مرحوم:** جامعہ عثمانیہ رسول پارک لاہور کے مہتمم اور حاجی برکت علی مرحوم کے فرزند

☆ **مولانا حافظ قاضی محمد طاہر صاحب رحمہ اللہ:** ہمارے کرم فرما محترم قاضی محمد ارشد الحسینی (اٹک) کے چچا

☆ **حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ:** حضرت مولانا علاؤالدین مدظلہ کے ہم زلف، حضرت مدنی رحمہ اللہ کے شاگرد رشید اور ممتاز عالم دین ساکن چودھوان ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان


حضرت مولانا

**محمد علی جالندھری**

رحمہ اللہ

تالیف: مولانا محمد سعید الرحمٰن علوی رحمہ اللہ

مقدمہ: حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم

مجاہد ختمِ نبوت اور عظیم مبلغ کی داستان حیات

جدوجہد اور خدمات    قیمت:=/100

بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان


© rasailojaraid.com